حیسکو پریس رلیز مورخہ :30.11.2021

سب سے پہلے عوام اور ہمیں عوام کی CARE کرنی ہے۔حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کا کسٹومر سروس سینٹر لطیف آباد اور کوٹری کے دورے کے دوران عملے کو ہدایات۔حیسکو ترجمان

حیدرآباد( ) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو نے کسٹومر سروس سینٹر لطیف آباد اور کوٹری کا اچانک دورہ کیا، انہوں نے افسران/ ملازمین کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ سب سے پہلے عوام اور ہمیں عوام کی Care کرنی ہے، مزید برآں انہوں نے عملے کو یہ ہدایات بھی دیں کہ صارف دوست رویے کے تحت تمام جائز شکایات کو فوری اندراج کر کے مقررہ مدت میں حل کیا جائے، اور کسٹومر کیئر پالیسی کے تحت سروس فراہم کریں۔اور ان تمام شکایات کو حل کرنے کی کارکردگی اپنے بالا افسران کو روزانہ کی بنیاد پر آگاہ کریں، کیونکہ حیسکو کا ہر ملازم اور صارف حیسکو کا محافظ ہے، ہمیں ایک ٹیم ہو کر حیسکو کی ترقی کیلیۓ محنت، لگن اور ایمانداری سے کام کرنا ہے، اس موقع پر ان کے ہمراہ چیف آپریٹنگ آفیسر عبدالرحیم سومرو، سپرنٹینڈنگ انجنیئر آپریشن سرکل حیدرآباد نثار احمد میمن، سپرنٹینڈنگ انجنیئر لاڑ سرکل عبدالغفور شیخ، ایگزیکٹو انجنیئر لطیف آباد ڈویژن ظفر علی سولنگی، ایگزیکٹو انجنیئر کوٹری ڈویژن گلزار احمد دستی اور SDO کوٹری سید عاقب عباس شاہ بھی موجود تھے۔

حیدرآباد: حیسکو چیف نور احمد سومرو کسٹومر سروس سینٹروں لطیف آباد اور کوٹری کا دورہ کر رہے ہیں، انکے ہمراہ عبدالرحیم سومرو، نثار میمن، عبدالغفور شیخ و دیگر موجود ہیں